سوال

(305)عاق نامہ کی شرعی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

پیراں غائب سے حافظ عبدالرحمن سوال کرتے ہیں۔کہ اخبارات میں جو عاق نامہ دیا جاتا ہے۔اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟کیا والد کو یہ حق ہے کہ وہ اپنے نافرمان بیٹے کو وراثت سے محروم کرسکے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کے مرنے کے بعد اس کی جائیداد کو تقسیم کرنے کا طریقہ کار خود اللہ تعالیٰ کا وضع کردہ ہے۔اس میں کسی کو ترمیم واضافہ کا حق نہیں ہے۔جو حضرات قانون وراثت کو پامال کرتے ہوئے آئے دن اخبارات میں اپنی اولاد میں کسی کے متعلق"عاق نامہ" کے اشتہارات دیتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے انہیں بڑے خوفناک عذاب کی دھمکی دی ہے ہمارے معاشرے میں کہیں تو عورتوں کو وراثت سے مستقل طور پر محروم کردیا جاتا ہے۔اور کہیں دوسرے بچوں کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف بڑے لڑکے کو ہی وراثت کا حقدار ٹھرایا جاتا ہے۔یہ سب اللہ تعالیٰ کے وضع کردہ ضابطہ میراث کے خلاف کھلی بغاوت ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:"کہ مردوں کےلئے اس مال میں حصہ ہے۔جو والدین اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اور عورتوں کےلئے بھی اس مال میں حصہ ہے۔جو ماں باپ اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو خواہ وہ مال تھوڑا یا بہت ہو اور یہ حصہ (اللہ کی طرف سے) مقرر ہے۔"(4/النساء:7)

اس آیت کے پیش نظر کسی وارث کو بلاوجہ شرعی وراثت سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ماہرین وراثت نے ان وجوہات کو بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔وہ وراثت سے محرومی کا باعث ہیں۔عام طور پر اس کی دو اقسام ہیں۔پہلی قسم میں وہ موانع شامل ہیں۔جو فی نفسہ وراثت سے محرومی کا باعث بنتے ہیں۔ان میں غلامی قتل ناحق اور اختلاف ملت یعنی کفر وارتداد وغیرہ ہیں۔دوسری قسم میں وہ موانع ہیں جو فی نفسہ تو روکاوٹ کا باعث نہیں البتہ بالتبع محرومی کا زریعہ ہوتے ہیں۔ان میں وارث اور مورث کا اشتباہ بر سر فہرست ہے جیسے ایک ساتھ غرق ہونے والے آگ میں جل کر اس دنیا سے رخصت ہونے والے ہیں اگر ان کے درمیان وراثت کا رشتہ قائم ہو تو ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوں گے۔بشرطیہ کہ پتہ نہ چل سکے کہ ان میں پہلے اور بعد کون فوت ہوا ہے۔احادیث میں بھی اس کی وضاحت ملتی ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:"جو کسی کی وراثت کو ختم کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کی ہے اللہ تعالیٰ جنت میں اس کی وراثت کو ختم کردیں گے۔"(شعب الایمان للبیہقی: ص 14/115)

اسی طرح حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"جو اپنے وارث کو حصہ دینے سے راہ فرار اختیار کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا حصہ جنت سے ختم کردیں گے۔"(ابن ماجہ: کتاب الوصایا)

اگرچہ موخرالذکر روایت میں ایک راوی زید العمی ضعیف ہے۔تاہم اس قسم کی روایت بطور تائید پیش کی جاسکتی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ اگر بیٹا نافرمان ہے۔ تو وہ اپنی سزا اللہ کے ہاں پائے گا۔ لیکن والد کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اسے جائیداد سے محروم کردے۔ بعض لوگ محض ڈرانے کے لئے ایسا کرتے ہیں لیکن ایسا کرنا بھی کئی ایک قباحتوں کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے۔ لہذا رائج الوقت ''عاق نامہ'' کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی اصحاب الحدیث

جلد:1 صفحہ:71